من گھڑت اور غیر معتبر روایات

بنیادی عوامل اور ان کے سدِّ باب کی راہیں

مفتی طارق امیر خان

شریعتِ غرَّاء میں اَحادیثِ رسول اللہ (علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) کو مصدرِ ثانی کی اَساسی حیثیت حاصل ہے، جس میں نقب زنی سے حفاظت کا انتظام عہدِ رسالت کی ابتدا ہی سے کر دیا گیا تھا، اور یہ صیانت وحفاظت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اس فرمان کا نتیجہ تھی:

''مَنْ کَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّداً فَلْیَتَبَوَّأْ مَقْعَدَہٗ مِنَ النَّارِ''۔ (۱)

ترجمہ: ''جس نے مجھ پر جھوٹ بولا، وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔''

جاں نثار صحابہ رضی اللہ عنہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اس ارشاد سے ہر دَم خوفزدہ رہتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ دستور ہمہ وقت اُن کی نگاہوں کے سامنے رہتا تھا۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کی اسی کیفیت کو علامہ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اِن لفظوں میں بیان کیا ہے:

> ''سید الکونین صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ فرمان، محافل صحابہؓ میں اتنی شہرت اختیار کر گیا تھا کہ آج بھی کتبِ حدیث میں سو سے زائد ایسے صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام محفوظ ہیں، جن سے یہ روایت مسنداً (سند کے ساتھ) منقول ہے۔'' (۲)

اگر اِن تمام طُرق اور روایات کو بنظرِ غائر دیکھا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا یہ فرمان ہمہ گیری میں اپنی نظیر نہیں رکھتا، کیونکہ جہاں اِبتدائے نبوت کی خفیہ مجالس میں اس حدیث کی سرگوشیاں تھیں، وہاں اِکمالِ نبوت یعنی خطبۂ حجۃ الوداع کے عظیم اجتماع میں بھی اسی اعلان کی گونج تھی، جہاں عشرہ مبشّرہؓ اس روایت کو نقل کر رہے ہیں، وہاں صحابہ رضی اللہ عنہم کے عام وخاص بھی اس کو دُہرا رہے تھے، صحابہ رضی اللہ عنہم میں جس طرح یہ ارشاد زبان زَدِ عام تھا، صحابیات رضی اللہ عنہن کی مجالس بھی اس فرمان سے مزیّن تھیں۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسی ارشاد کا اثر تھا کہ جب ذخیرۂ اَحادیث میں من گھڑت اور ساقط الاعتبار روایات کے ذریعے رَخنہ اندازی کی مذموم کوششیں شروع ہوگئیں، تو محدثینِ کرام نے احادیث کے صحت وسُقم کے مابین ''اِسناد'' کی ایسی خلیج قائم کر دی، جس کی مثال اُممِ سابقہ میں ملنا مُحال ہے، محدثینِ

کرام نے احادیث کو خس وخاشاک سے صاف کرنے کے لیے یہی ''میزانِ اِسناد'' قائم کی، جس کے نتیجے میں حدیث کے مبارک علوم وجود میں آتے رہے، ضعیف اور کذّاب راویوں پر مستقل تصانیف کی گئیں، انہی متقدمین علماء نے کتب العِلَل میں ساقط الاعتبار (غیر معتبر) احادیث کو واضح کیا، علماء متأخرین نے بھی باقاعدہ مُشتَہِرات (زبان زَد عام روایات پر مشتمل کتابیں) ساقط الاعتبار اور من گھڑت روایات پر کتابیں لکھیں، چنانچہ ہر زمانے میں احادیث کا ذخیرہ محفوظ شاہراہ پر گامزن رہا، غرضیکہ روئے زمین پر جہاں کہیں اسلام کا سورج طلوع ہوا ہے، وہ حدیث کے محافظین خود ساتھ لایا ہے۔

پاک وہند میں ساقط الاعتبار اور من گھڑت روایات اور اُن کا سدّ باب

اگر ہم اپنے خطّے برّصغیر پاک وہند کا جائزہ لیں، تو موضوعات کی روک تھام میں سرفہرست علامہ ابوالفضل الحسن بن محمد صغانی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کا نام نظر آتا ہے، آپ ۵۷۷ھ لاہور (پاکستان) میں پیدا ہوئے، اور حدیث ولغت کی دیگر خدمات کے ساتھ، خود ساختہ روایات پر دو گراں قدر کتابیں لکھیں:

۱:-الدُرَرُ المُلْتَقَط في تَبيينِ الغَلَط

۲:-موضوعات الصَّغَاني

من گھڑت اور غیر معتبر روایات کے بنیادی عوامل

پاک وہند میں من گھڑت اور باطل روایات کا مطالعہ بہت سے سوالات کو جنم دیتا ہے، جن میں یہ نکتہ بڑی اہمیت کا حامل ہے کہ برّصغیر پاک وہند میں وہ کونسے قدیم بنیادی طبقات ہیں، جو یہاں خود ساختہ روایات کی ترویج میں راہ ہموار کرتے رہے ہیں؟ اس سوال کے جواب میں سب سے قدیم تحریر علامہ صغانی رحمۃ اللہ علیہ ہی کی ملتی ہے، جس سے ہمیں بڑی حد تک اس مسئلے کے جواب میں رہنمائی ملتی ہے، چنانچہ علامہ صغانی رحمۃ اللہ علیہ ''الدُّرَرُ المُلتَقَط''[۳] میں اپنی تصنیف کی غرض وغایت بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''وقد كثرت في زماننا الأحاديث الموضوعة، يرويها القصاص على رؤوس المنابر و المجالس، ويذكر الفقراء والفقهاء في الخوانق والمدارس، وتداولت في المحافل، واشتهرت في القبائل، لقلّة معرفة الناس بعلم السنن، وانحرافهم عن السُّنن۔''

اس عبارت میں امام صغانی رحمۃ اللہ علیہ نے موضوعات اور غیر معتبر روایات کی اِشاعت میں مُلوّث چند عوامل کا ذکر کیا ہے، ملاحظہ ہو:

۱:.....قصہ گو برسرِ منبر اور مجالس عامّہ میں، من گھڑت روایتیں بیان کرتے تھے، ایسے ہی جاہل صوفیاء اور جاہل فقہاء کی مجالس بھی ان باطل مرویّات سے پُر تھیں۔

۲:.....اس کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ یہ خود ساختہ عبارتیں ملّت اسلامیہ کے ہر طبقے اور قبیلے میں رواج پاتی رہیں، اور یہی کلام، مجالس کی زینت بنتا رہا، بالآخر موضوعات کی یہ گرم بازاری

www.banuri.edu.pk

پورے معاشرے میں سرایت کرگئی۔

۳:.....اس شرعی اِنحطاط کا باعث صرف معرفتِ حدیث سے دوری تھی۔

وضّاعین کی اقسام اور ان کے مذموم مقاصد

علامہ صغانی رحمۃ اللہ علیہ کا گزشتہ اِقتباس ہماری قدیم خستہ حالی کی جیتی جاگتی تصویر ہے، جس میں مذکور طبقات ہمارے سابقہ سوال کا اجمالی جواب ہیں، مزید وضاحت کے لیے ہم علامہ عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ کے اس مقدمے [۴] کو بہت ہی معاون پاتے ہیں، جس میں انہوں نے حدیث گھڑنے والوں کی اغراض و مقاصد بتاتے ہوئے انہیں کئی اقسام پر تقسیم کیا، اِن اقسام سے ہم بخوبی یہ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ برصغیر پاک و ہند میں وہ کونسے حلقے، اَفراد اور گروہ ہیں، جن کے ہاں موضوع روایات کا ایک بڑا ذخیرہ جنم لیتا رہا ہے، بالفاظِ دیگر یہ روایات انہیں کے راستے سے مشہور ہوئیں۔

۱-زَنادِقہ

زَنادِقہ، ان کا مقصد اُمت میں رطب و یابس پھیلا کر شریعت کو مسخ کرنا ہے، علامہ عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس عنوان کے تحت پاک و ہند کے ''فرقۂ نیچریہ'' اور اُن کے گمراہ کُن عقائد کا ذکر کیا ہے، آپ نے یہ وضاحت بھی کی ہے کہ یہ فرقہ نصوصِ شرعیہ میں تحریف (تبدیلی) لفظی ومعنوی کا مرتکب رہا ہے۔

۲-مؤیّدینِ مذاہب

دوسری قسم اُن افراد کی ہے، جنہوں نے اپنے مذہب اور موقف کی تائید میں روایتیں گھڑیں، اِس عنوان کے تحت علامہ عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے حدیث میں خوارج کے طریقۂ واردات کو بیان کیا ہے، تاریخ شاہد ہے کہ بعض خوارج نے خود اس بات کا اقرار کیا ہے کہ ہم نے اپنے موقف اور رائے کو ثابت کرنے کے لیے بہت سی احادیث گھڑی ہیں۔

یہاں برّصغیر پاک و ہند میں موجود اہل سوء اور بدعتیوں کا ذکر بھی برمحل ہے، جنہوں نے اس خطّے میں بہت سی مُحدَثات (دین میں نئی باتیں ایجاد کرنا) اور بدعات کو سندِ جواز فراہم کی، اور اپنی اِختراعات کے ثبوت میں، من گھڑت اور ساقط الاعتبار روایتوں کا سہارا لیا۔

۳-اصلاح پسند اَفراد

تیسرا طبقہ اُن افراد کا ہے، جنہوں نے لوگوں کی اصلاح کے خیال سے ترغیب وترہیب کی احادیث گھڑیں۔ اس میں علامہ عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک دلچسپ مثال بیان کی ہے، آپ فرماتے ہیں کہ پاک و ہند کے بعض اصلاح پسند لوگوں نے تمباکونوشی سے زَجروو َعید پر مشتمل احادیث وضع کی ہیں، پھر موصوف نے اس مضمون پر مشتمل وضّاعین کی آٹھ ایسی روایتیں لکھیں، جو سب کی سب جعلی ہیں۔

www.banuri.edu.pk

۴-طبقۂ جہلاء

چوتھی قسم اُن لوگوں کی ہے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب ہر اَمرِ خیر، اقوالِ زَرِیں وغیرہ کا انتساب جائز سمجھتے ہیں، حالانکہ معتبر سند کے بغیر اس طرح انتساب کرنا ہرگز جائز نہیں۔

۵-اہل غلو

ایک قسم اُن لوگوں کی ہے جو عقیدت ومحبت میں اِفراط وغُلُوّ کا شکار ہوجاتے ہیں اور اہل بیتؓ، خلفائے راشدینؓ، ائمہ کرامؒ اور رسالتِ مآب صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے باطل وبے اصل مضامین مشہور کردیتے ہیں۔

۶-واعظین

چھٹا طبقہ ان قصہ گو واعظین کا ہے جو جعلی غرائبِ زمانہ سُنا کر عوام سے دادِ تحسین وُصول کرتے ہیں۔

خلاصہ کلام

خلاصہ کلام یہ رہا کہ یہی طبقات اور اَفراد، خطۂ ہند وپاک میں حدیث کی جعل سازی کا بیڑا اٹھائے رہے ہیں، بلکہ اس تفصیل کے بعد ہم بصیرت سے یہ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ ہمارے گردوپیش ایسی بہت سی ہم معنی باطل احادیث پھیلی ہوئی ہیں، جو بلا تردّد انہیں خاص طبقات کی مذموم کوششوں کا نتیجہ ہے۔

پاک وہند میں تکاسلِ حدیث اور اس کے اسباب

اگرچہ برصغیر پاک وہند میں زبان زَدِ عام روایات کی تنقیح بجا طور پر ہوتی رہی ہے، لیکن پھر بھی یہ سوال جواب کا مستحق ہے کہ پاک وہند میں، افرادِ اُمت عام طور پر احادیث میں صرف سطحی ذہن رکھنے والے ہیں، اور اکثر احادیث کی چھان بین کو خاطر میں نہیں لایا جاتا، آخر حدیث کے عنوان سے مزاجوں میں حسّاسیت اتنی مَدھم کیوں رہی ہے؟

تلاشِ بسیار کے بعد پاک وہند کی قابل فخر شخصیت علامہ عبدالعزیز پرہاڑوی رحمۃ اللہ علیہ (متوفی: ۱۲۳۹ھ) کی عبارت میں اس مُعَمّہ کا حل مل گیا۔ علامہ عبدالعزیز پرہاڑوی رحمۃ اللہ علیہ نے ''کوثر النبيّ وزُلَالُ حَوْضِهِ الرَّوِيّ'' [۵] میں ایک مقام پر بعض ایسی کتبِ تفسیر، کتبِ زہد، کتبِ اَوراد وغیرہ کا تذکرہ کیا، جن میں مقدوح اور غیر مُعتبر احادیث بھی ہیں، پھر اِن کتابوں میں موجود ساقط الاعتبار احادیث کے اسباب ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

''والسّبب أنه قلّ اشتغالهم بصناعة الحديث، وأنّهم اعتمدوا على المشهور في الألسنة من تحسين الظّنّ بالمسلم وأنّهم انخدعوا بالكتب الغير المنقّحة الحاوية للرّطب واليابس، وأنّه لم يبلغهم وعيدُ التّهاون في رواية الحديث، وأيضاً منهم من يعتمد على كلّ ما أسند من غير قدحٍ وتعديلٍ في الرّواة۔''

''(اِن کتب میں رطب ویابس احادیث کی) وجہ یہ ہے کہ ان کتابوں کے مصنّفین فنِ

حدیث سے کم اِشتغال رکھتے ہیں، اور مسلمان سے حسن ظن رکھتے ہوئے زبان زد عام روایتوں پر بھروسہ کر لیتے ہیں (حالانکہ ایسا اعتماد صرف ماہرِفن پر ہی کیا جا سکتا ہے، نہ کہ حدیث میں کم اشتغال رکھنے والے پر) اور یہ مصنّفین رطب و یابس پر مشتمل، غیر منقّح کتابوں سے دھوکے میں پڑ جاتے ہیں اور (ان کے بارے میں یہی حسنِ ظن ہے کہ) ان مصنفین کو حدیث نقل کرنے میں تہاون (حقیر سمجھنا) کی وعید نہیں پہنچی ہوگی، اور بعض مصنّفین سند کے راویوں کی جرح وقدح دیکھے بغیر، ہر سند والی روایت پر اعتماد کر لیتے ہیں۔‘‘

اسبابِ تکاسل کا جائزہ

دراصل علامہ عبدالعزیز پرہاڑوی رحمۃ اللہ علیہ نے جن کتبِ حدیث وتفسیر وغیرہ کا تذکرہ کیا ہے، یہ کتب برصغیر میں مُتدَاوَل اور مُرَوّج ہیں اور ان کتابوں کے مؤلفین کی جلالت اور عُلُوِّ شان بلا شبہ مُسلَّم ہے، لیکن اس حقیقت کا انکار نہیں کیا جا سکتا کہ اِن مؤلفین کا فنِ حدیث میں اشتغال ناقص رہا ہے، چنانچہ صاحبِ کتاب کی یہ کمزوری عوام میں بھی سرایت کرتی رہی اور احادیثِ موضوعہ معاشرے میں پھیلتی رہیں، بہرحال ذَیل میں ہم مولانا عبد العزیز پرہاڑوی رحمۃ اللہ علیہ کے بیان کردہ نِکات اور ان سے ماخوذ نتائج کا جائزہ لیتے ہیں:

فنِ حدیث میں اشتغال کی کمی

ان مصنّفین کی تالیفات میں رَطب و یابس روایات کی ایک وجہ یہ ہے کہ ان مؤلفین نے علومِ حدیث سے ایسا اشتغال نہیں رکھا، جس سے ان میں اُصولِ حدیث کے مطابق، حدیث کے ردّ وقبول کا مَلَکَہ اور اُسے پرکھنے کی قابلیت پیدا ہو جاتی، حتیٰ کہ ہمارے زمانے میں بھی مُعتَد بہ تالیفات اس بات کی مقتضی ہیں کہ ان کے مؤلفین احادیث کے معاملے میں محض تحویل (حوالہ دینا) پر اکتفاء نہ کریں، بلکہ حسبِ ضرورت اس بات کا پورا اطمینان حاصل کریں کہ یہ حدیث‘ معتبر سند سے ثابت ہے۔

محض حسنِ ظن کی بنا پر روایات پر اعتماد

ان کتابوں میں باطل اور بے اصل روایتوں کے شیوع کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ اِن مصنّفین کے نُفُوسِ قدسیہ ہر مسلم کے بارے میں حسنِ ظن رکھتے تھے، اور زبان زَد عام روایتوں کو حسنِ ظن کی بنا پر بلاتحقیق قبول کر لیتے تھے۔

واضح رہے کہ اس مقام پر مولانا عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے: حدیث میں اعتماد کا مدار صرف ماہرینِ فن ہیں، چنانچہ اگر کوئی شخص صناعتِ حدیث میں مہارت نہیں رکھتا ہو، تو ایسے شخص پر بلاتحقیق حسنِ ظن سے اعتماد نہیں کیا جا سکتا۔‘‘ [۶]

www.banuri.edu.pk

تہاونِ حدیث پر وعید سے ناآشنائی

ان کتب میں قابلِ رَدّ مواد کی تیسری وجہ یہ ہے کہ یہ حضرات تہاونِ حدیث (یعنی روایتِ حدیث میں پوری احتیاط سے کام نہ لینا) کی وعیدوں سے واقف نہیں ہوں گے، بلا شبہ ان حضرات کی عُلوِّ شان اسی حسنِ ظن کی مقتضی ہے، البتہ اس تہاون سے اجتناب کی اہمیت اپنی جگہ ہے، خاص طور پر عوامی حلقوں میں اس کی ضرورت بڑھ جاتی ہے کہ ملّتِ اسلامیہ کا ہر فرد یہ محسوس کررہا ہو کہ میں رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ایسی بات ہرگز منسوب نہ کروں جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت نہ ہو، تاکہ ''مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّداً....الخ'' کا مصداق بننے سے بچ جاؤں، ورنہ یہی تہاون نہ صرف غیر مستند روایات کو پھیلانے میں کام آتا ہے، بلکہ اِن روایتوں کو تحفّظ بھی فراہم کرتا ہے۔

تحقیق کا فقدان

ان تالیفات میں جو احادیث مُسنَد (سند والی روایات) تھیں، ان میں اس بات کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی کہ فنِ جرح وتعدیل کی روشنی میں اس کا جائزہ لیا جائے، تاکہ قابلِ احتراز روایتیں ظاہر ہو جاتیں۔

ایک اہم فائدہ

اگر ہم بھی اپنے گردوپیش کا جائزہ لیں، تو ہم دیکھتے ہیں کہ علم الروایۃ (علمِ حدیث) میں ہمارا منتہیٰ صرف سندِ حدیث پانا ہے، اس کے بعد ہم کسی چیز کی ضرورت محسوس نہیں کرتے، حالانکہ صاحبِ کتاب سند بیان کر کے ایک حد تک اپنی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جاتا ہے، اب اگلا مرحلہ ہم سے متعلق ہے کہ ہم حسبِ ضرورت، متقدمین اصحابِ تخریج اور ائمۂ علل کی جانب رجوع کریں اور روایات کے قابلِ تحمّل (روایت لینے کے قابل) ہونے کا پورا اطمینان حاصل کریں۔

حاصل کلام

سابقہ اسبابِ تکاسل خطۂ پاک وہند میں موضوعات کی اشاعت اور ان کی ترویج میں انتہائی مؤثر رہے ہیں، بلکہ اگر ان اسباب کے سدِّ باب کے لیے اکابرین کے طرز پر عملی اِقدامات جاری رکھے جائیں تو کافی حد تک اس ساقط الاعتبار ذخیرے کی روک تھام ہوسکتی ہے۔

من گھڑت اور ساقط الاعتبار روایات کے سدِّ باب میں علماء پاک وہند کی خدمات

سابقہ اقتباسات سے ہمیں من گھڑت روایات کی اِشاعت میں ملوّث بہت سے گروہوں اور طبقات کا بخوبی علم ہوجاتا ہے، اس کے علاوہ ان کی اغراض، اَفکار، اور طریقۂ کار بھی وضاحت سے سامنے آ گیا، لیکن واضح رہے کہ ایسا ہرگز نہیں ہوا کہ عمائدینِ اُمت نے اس فتنے کے سدّ باب کے لیے اپنی خدمات پیش نہ کی ہوں، بلکہ تاریخ شاہد ہے کہ برّصغیر پاک وہند پر ایسے شب وروز بھی آئے ہیں، جن

میں صیانتِ حدیث کا تاج، علماء برّصغیر کے سر رہا ہے، چنانچہ علامہ زاہدالکوثری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

’’دسویں صدی ہجری کے نصف آخر میں جب کہ علمِ حدیث کی سرگرمیاں ماند پڑگئی تھیں، برّصغیر میں یہ سرگرمیاں عروج پر تھیں۔‘‘⑦

گویا کہ یوں کہنا چاہیے کہ اس وقت عالمِ اسلام کی سربراہی کی سعادت برِصغیر کو حاصل رہی ہے۔ بہرحال یہاں ہم پاک و ہند کے اُن چند مشہور مشایخ کا مختصر تذکرہ کریں گے، جنہوں نے زبان زَدعوام وخواص روایات کی حقیقت واضح کی، اور ذخیرۂ احادیث میں تنقیح کی خدمات انجام دیں:

۱-امام رضی الدین ابوالفضائل الحسن بن محمد رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۶۵۰ھ)

آپ کی تالیف ’’الدُّرَرُ المُلْتَقَط‘‘ اور ’’رسالة موضوعات الصَّغَانی‘‘ کا شمار فن ہذا کے اوّلین مصادر میں ہوتا ہے۔ مشتہرات پر مشتمل شاید ہی کوئی کتاب موصوف کے اقوال سے خالی ہو۔

۲- ملک المحدّثین علامہ محمد طاہر صدیقی پٹنی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۹۸۶ھ)

آپ نے اس فن میں ’’تذکِرةُ الموضوعات‘‘ اور ’’قانون الموضوعات‘‘ لکھیں، بلاشبہ مشتہرات کا یہ مجموعہ ایک انسائیکلوپیڈیا کی حیثیت رکھتا ہے۔

۳-امام علامہ سید محمد بن محمد حسینی زَبیدی الشہیر بمرتضی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۱۲۰۵ھ)

آپ نے ’’إتحاف السَّادَة المُتقِين‘‘ میں ’’إحياء علوم الدين للغزاليؒ‘‘ کی احادیث پر تخریج وتشریح میں محدثانہ شان کا مظاہرہ کیا ہے، اہل علم طبقہ بالخصوص پاک و ہند میں اس سے مستغنی نہیں رہ سکتا۔

۴-امام عبدالعزیز بن اُحمد فرہاروی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۱۲۳۹ھ)

آپؒ نے تقریباً ۲؍ ہزار موضوع اور زبان زَدعام روایتوں پر مشتمل مجموعہ تیار کیا ہے، فی الحال یہ مخطوط ہے۔ آپ کے بارے میں مولانا موسیٰ خان روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ: ’’اگر میں اس بات پر قسم کھاؤں کہ اللہ تعالیٰ نے سرزمینِ پنجاب کو جب سے وجود بخشا ہے، ان جیسی کسی دوسرے شخصیت نے یہاں جنم نہیں لیا تو میں حانث نہیں ہوں گا۔‘‘⑧

۵- علامہ ابوالحسنات محمد عبدالحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۱۳۰۴ھ)

آپ کی شخصیت اور حدیثی خدمات محتاجِ تعریف نہیں ہیں، اس فن میں آپ نے ’’الآثار المرفوعة في الأخبار الموضوعة‘‘ کے نام سے یادگار چھوڑی ہے۔

۶-حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ (المتوفی: ۱۳۶۲ھ)

آپ امراضِ امت کی پہچان اور اس کے علاج میں وَہبی بصیرت رکھتے تھے، آپ نے پاک و ہند میں مُتدَاوَل من گھڑت اور بے اصل روایتوں کا سدّ باب عملاً بھی کیا اور عوام کو بھی اس

سے اجتناب کی طرف توجہ دلائی، چنانچہ بہشتی زیور حصہ دہم میں یہ عنوان قائم کیا ہے: ''بعضی کتابوں کے نام جن کے دیکھنے سے نقصان ہوتا ہے'' اس عنوان کے تحت ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

''دعا گنج العرش، عہد نامہ، یہ دونوں کتابیں اور بہت سی ایسی ہی کتابیں ایسی ہیں کہ ان کی دعائیں تو اچھی ہیں، مگر ان میں جو سندیں لکھی ہیں اور ان میں حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے لمبے چوڑے ثواب لکھے ہیں، وہ بالکل گھڑی ہوئی باتیں ہیں۔''⑨

اسی طرح حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اس بات سے بھی بخوبی واقف تھے کہ سلوک و تصوّف کی مجالس میں ایک معتد بہ تعداد بے اصل روایتوں کی ہیں، چنانچہ آپ نے ''التَشَرُّفُ بِمَعْرِفَةِ أَحَادِيْثِ التَّصَوُّفِ'' میں ایسی بہت سی روایات پر روایتی اور درایتی پہلوؤں سے بحث کی ہے، جو درجۂ اعتبار سے ساقط ہیں۔

ایک اہم التماس

یہ مختصر اور محدود مقالہ اس کی مزید گنجائش رکھنے سے قاصر ہے کہ ہم اکابرینِ پاک و ہند کی متعلقہ موضوع میں تاریخی خدمات سے تفصیلی بحث کریں، البتہ اگر کوئی فرد علامہ عبدالحی الحسنی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ''نزهة الخواطر وبهجة المسامع والنّواظر'' کو سامنے رکھ کر ان محدثینِ کرام کی خدمات کو جمع کرے، جنہوں نے باطل اور من گھڑت روایتوں کا تعاقب کیا ہے، تو یہ کام نہ صرف ہمارے اسلاف کے منہج کی جانب رہنمائی کرے گا، بلکہ ملک بھر میں پھیلے ہوئے اُن مخطوطات کی جانب بھی رہنمائی کرے گا جو آج دِیمک اور گرد و غبار سے تحلیل ہوتے جا رہے ہیں، بلاشبہ نت نئی تحقیقات، شروحات، تسہیلات وغیرہ ناگزیر تالیفات ہیں، لیکن کہیں ایسا نہ ہو کہ آج جن مخطوطات کو ہم محفوظ کر سکتے ہیں، کل ان کا نام ''حسَراتِ زمانہ'' کی فہرست میں شامل کر دیا جائے۔

حوالہ جات اور مآخذ

①....الجامع الصحیح للبخاری: باب إثم من کذب علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ج:۱، ص:۳۳، رقم الحدیث:۱۰۷، دار طوق النجاۃ بیروت، الطبعۃ الأولیٰ، ۱۴۲۲ھ

②....اللآلی المصنوعۃ، ص:۳۵، ت: محمد عبدالمنعم رابح، دار الکتب العلمیۃ بیروت، الطبعۃ الثانیۃ، ۱۴۲۸ھ

③....الدُرَرُ الملتقط: بحوالہ مجلّہ ''فکر و نظر''، ص:۶۷، خصوصی اشاعت، ربیع الأول شعبان، ۱۴۲۶ھ، اسلام آباد، پاکستان

④....الآثار المرفوعۃ، ص:۱۲، دار الکتب العلمیۃ بیروت

⑤....کوثر النَّبِیّ وزُلَالُ حَوْضِہ الرَّوِی (فن معرفۃ الموضوعات)، ص:۱۰۸، المخطوط، نسخۃ العلامۃ عبداللہ الوَلْہارِی (۱۲۸۳ھ)

⑥....الآثار المرفوعۃ، ص:۱۹، دار الکتب العلمیۃ بیروت

⑦....مقالات الکوثری، ص:۶۷، دار السلام مصر، الطبعۃ الثانیۃ، ۱۴۲۸ھ

⑧....بغیۃ الکامل السامی فی شرح المحصول والحاصل للجامی، ص:۲۲۷، مکتبۃ مدینۃ بلاہور باکستان، الطبعۃ الخامسۃ ۱۴۱۴ھ

⑨....بہشتی زیور، ص:۷۰۴، حصہ دہم، دار الاِشاعت، ایم اے جناح روڈ، اردو بازار کراچی